© rasailojaraid.com

وَفَیات

## والدہ ماجدہ مولانا صلاح الدین، بلوچستان

☆......مولانا صلاح الدین زیدمجدہم (ناظم وفاق المدارس العربیہ بلوچستان) کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ انتقال فرماگئیں، اناللہ وانا الیہ راجعون، مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک صفت خاتون تھیں۔اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔آمین

## شیخ الحدیث مولانا محمد اسحٰق مدنی رحمہ اللہ

☆......شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اسحٰق مدنی ۲۷ جون ۲۰۱۸ء کواچانک دل دورہ پڑنے سے انتقال فرماگئے۔آپ ۱۹۴۰ء میں پیدا ہوئے ،آپ نے دینی تعلیم دارالعلوم تعلیم الاسلام پلندری، جامعہ خیرالمدارس ملتان سے حاصل کی ،اور دورہ حدیث جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی سے ۱۹۶۴ء میں کیا۔آپ نے چار برس مدینہ یونیورسٹی میں بھی تعلیم حاصل کی اور مدینہ یورسٹی کی جانب سے عرب امارات کے شعبہ دعوت وارشاد میں آپ کا تقرر ہوا، یہاں آپ نے ۴۵ برس درس دیا، علاوہ ازیں مسجد نبوی زادھا اللہ شرفا وکرامھا میں بھی کچھ عرصہ درس دیتے رہے۔

آپ اسلامی نظریاتی کونسل آزاد کشمیر کے رکن ، جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سرپرست تھے۔آپ کی ۳۶ کے قریب عربی اردو تصانیف ہیں، جن میں آپ کی تفسیر عمدۃ البیان مشہور ہے۔آپ کی نماز جنازہ منگ کے بزرگ عالم دین مولانا محمد یٰسین صاحب دامت برکاتہم نے پڑھائی ،جس میں علماء وعامۃ الناس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ آپ نے اولاد میں چھ بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑیں، اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے اور آپ کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے،آمین۔

## حضرت مولانا عبدالقادر ڈیروی رحمہ اللہ

☆......۴ جولائی ۲۰۱۸ء کی شام جنوبی پنجاب کی معروف روحانی شخصیت حضرت مولانا عبدالقادر ڈیروی ڈیرہ غازی خان میں انتقال فرماگئے ،اناللہ وانا الیہ راجعون! ۵ جولائی کو آپ کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا عبدالمجید ( کبیروالا ) نے پڑھائی۔نماز جنازہ میں علماء، عامۃ الناس اور آپ کے مریدین ومعتقدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

## مولانا مفتی مطیع اللہ جمیل مرحوم

☆......حضرت مولانا محمد جمیل صاحب دامت برکاتہم العالیہ جن کا تعلق تبلیغی مرکز رائیونڈ کے بزرگوں سے ہے،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

گذشتہ ماہ ان کے جواں سال بیٹے مولانا مفتی مطیع اللہ جمیل بجلی کا کرنٹ لگنے سے وفات پا گئے۔مولانا مفتی مطیع اللہ جمیل مرحوم،حضرت مولانا کلیم اللہ جمیل صاحب دامت برکاتہم مہتمم جامعہ اسلامیہ باب العلوم نزد غازی مسجد رائے ونڈ کے بھائی ہیں،مرحوم جامعہ خیر المدارس ملتان کے فاضل اور دوران طالب علمی جامع مسجد خیر المدارس کے نائب امام بھی رہے۔

## استاذ الحدیث مولانا سعید اللہ رحمہ اللہ

☆......جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کی شاخ گلشن عمر کے استاذ اور سابق ناظم تعلیمات مولانا سعید اللہ ۹ جولائی بروز منگل کراچی کے ایک نجی اسپتال میں انتقال کر گئے،اناللہ وانا الیہ راجعون۔مولانا سعید اللہ دو برس سے شوگر اور گردوں کے عارضے میں مبتلا تھے۔آپ کی نماز جنازہ میں حضرت مولانا محمد انور بدخشانی،حضرت مولانا فضل محمد یوسف زئی،ناظم وفاق المدارس صوبہ سندھ مولانا امداد اللہ،نائب مہتمم جامعہ بنوری ٹاؤن مولانا سید سلیمان بنوری،مولانا قاری مفتاح اللہ اور کثیر تعداد میں علماء وطلبہ نے شرکت کی۔مولانا سعید اللہ نیک سیرت ونیک خلق،متقی پرہیزگار عالم دین تھے۔وہ عرصہ ۳۵ برس سے جامعہ بنوری ٹاؤن سے وابستہ تھے۔مولانا کی عمر ۶۰ برس تھی،انہوں نے لواحقین میں پانچ بیٹے چار بیٹیاں چھوڑی ہیں۔

## مولانا عبداللہ سورتی رحمہ اللہ

☆......۱۰ جولائی ۲۰۱۸ء کو انڈیا کے شہر سورت کے معروف عالم دین مولانا عبداللہ سورتی ۸۵ برس کی عمر میں انتقال کر گئے،اناللہ وانا الیہ راجعون۔

مولانا عبداللہ سورتی گجرات کے مشہور مدرسہ دارالعلوم فلاح دارین کے مہتمم اور متعدد علمی فلاحی تنظیموں کے سرپرست تھے۔انہوں نے دارالعلوم دیوبند سے دورہ حدیث شریف کیا،آپ حضرت مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کے براہ راست شاگرد تھے۔کافی عرصہ تک جامعہ اسلامیہ ڈابھیل اور جامعہ فلاح دارین میں بھی تدریسی خدمات انجام دیں۔آپ سے ہزاروں شاگردوں نے کسب علم کیا۔مولانا عبداللہ سورتی صاحب قلم بھی تھے اور انہوں نے متنوع عنوانات پر مضامین لکھے۔انہوں نے علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ کی حدیثی خدمات پر عربی میں مقالہ لکھا۔ان کی ایک درجن سے تصانیف اس کے علاوہ ہیں۔مولانا عبداللہ سورتی رحمہ اللہ کی نماز جنازہ میں لاکھوں افراد نے شرکت کی۔

ادارہ وفاق المدارس کے اراکین وکارکنان دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائیں(آمین)



© rasailojaraid.com